سوال

(182)ایک عورت حج کو جانا چاہتی ہے۔ مگراس کو کوئی محرم نہیں ملتا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت حج کو جانا چاہتی ہے۔ مگراس کو کوئی محرم نہیں ملتا۔ ایک شریف معتبر نامحرم جاتا ہے۔ کیا وہ عورت اس کے ساتھ جا سکتی ہے۔؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک سفر میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قافلے سے پیچھے رہ گئیں تھیں۔ توایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اسی کام کے لئے مقرر تھا کہ قافلہ کے پیچھے آوے۔ اور گم شدہ چیزوں کو اٹھالائے وہ آیا توحضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس کے اونٹ پر سوار ہوکر آپ ﷺ کے پاس قافلہ میں پہنچ گئیں۔ اس حدیث سے نکل سکتا ہے کہ محرم کے نہ ملنے کی صورت میں کوئی شخص نیک بخت۔ پارسا۔ قابل اعتماد۔ تو اس کے ساتھ عورت کو سفر کرنا جائز ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد2 ص144

محدث فتویٰ